سوال

(594) سجدے میں کہنیاں کیسے ہوں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

سجدے میں کہنیاں کانوں کی طرح باہر کی طرف ہوں یا پیٹ کی طرف اندر؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سجدے میں کہنیوں کو نہ توزمین پر ٹکایا جائے نہ پہلوؤں سے ملایا جائے۔ بلکہ زمین سے اونچی اور کروٹوں سے الگ کشادہ رکھنا چاہیے۔ ''صحیح بخاری میں حدیث ابو حمید رضی اللہ عنہ ملاحظہ ہو! صحیح البخاری۔ صحیح البخاری، بَابُ لاَیَفتَرِشُ ذِرَاعَیہِ فِی السُّجُودِ، قبل رقم: ۸۲۲

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ : صفحہ :525

محدث فتویٰ